

UN HABITAT

# محفوظ، گرم، آسانی سے تعمیر ہونے والا شیلٹر

## جگہ کا انتخاب کرنے کے لیے تجاویز:

یہ شیلٹر با آسانی اور جلد تعمیر کیا جا سکتا ہے۔


ایسی جگہ کا انتخاب کریں جو ٹھنڈی ہوا کے رخ پر نہ ہو۔

دروازہ جنوب کی طرف رکھیں۔

شیلٹر کو زلزلے، سردی اور ہوا کے اثرات سے محفوظ رکھنا لازمی ہے۔ براہ مہربانی نیچے دی گئی تفصیلات کے مطابق تعمیر شروع کریں تا کہ شیلٹر محفوظ ہو اور سردی میں بہترین پناہ گاہ ثابت ہو۔

دیوار شروع کرنے کے لیے مٹی یا ریت سے تھیلے بھریں۔

**A**





زمین کی پیمائش کریں۔ تصویر میں دی گئی پیمائش دیوار کی اندرونی طرف کی ہے۔ کیل لگا کر تمام کونوں کی نشاندہی کریں۔

**B**




اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ دیواریں سیدھی ہوں مخالف کونوں کی پیمائش کریں۔

**C**




چھت کے بانسوں کے لیے دیواروں کے دونوں اطراف کم از کم 6 فٹ جگہ رکھیں۔

## دیواروں کی تعمیر:



خشک مٹی سے تھیلوں میں آدھی بھرائی کریں۔ بڑے پتھر ہرگز استعمال نہ کریں۔



تھیلوں کو پھیلا کر (چوڑا کر کے) بغیر وقفے سے زمین پر بچھائیں۔



تھیلوں کے منہ کو اوپر کی جانب موڑ دیں۔



2 تہوں کے بعد فرش کے طور پر شیلٹر شیٹ بچھا دیں۔



دروازہ اپنی مقررہ جگہ پر لگا لیں تا کہ دیوار آسانی سے تعمیر ہو سکے۔




دیوار کی اونچائی زیادہ سے زیادہ 3 فٹ تک رکھیں۔



تمام تھیلوں کے جوڑ ایک سیدھ میں نہ ہوں۔



ایک دوسرے کے اوپر عمودی جوڑ خطرناک ہو سکتے ہیں اس سے دیوار بھی گر سکتی ہے۔



تھیلوں کو آپس میں جوڑنے کے لیے کانٹے دار (خاردار) تار استعمال کریں۔

## چھت کی تعمیر:



لکڑی یا بانسوں کی 6 قینچیوں سے چھت بنائیں۔



جب قینچیاں لگ جائیں تو چھت کو شیلٹر شیٹ سے ڈھانپ لیں۔



بتوں کے درمیان سردی سے بچنے کے لیے کیٹرا یا کوئی اور میٹریل لگائیں۔



جوڑوں کو کیل لگائیں اور ربڑ یا تار سے اچھی طرح باندھ دیں۔



بانسوں کو تھیلوں کے نیچے گزرنے والی رسی سے اچھی طرح باندھ لیں۔



گیبل میں اندر اور باہر کی جانب پلاسٹک شیٹ کا استعمال کریں۔



رِج پول قینچیوں کو مضبوطی سے جوڑ کر اپنی جگہ پر قائم رکھتا ہے۔




چادریں لگانے کے لیے 4 بتے استعمال کریں۔ چادریں 10 فٹ لمبی رکھیں۔



چادر مضبوطی سے لگائیں اور ہوا سے بچاو کے لیے بانسوں کو زمین میں اچھی طرح دبائیں۔

## تنصیب اور متفرق:





شیٹ کو پھٹنے سے بچانے کے لیے اس میں کیلیں ہرگز نہ لگائیں۔ ہمیشہ پلاسٹک تہہ کر کے واشر کا استعمل کریں۔



دروازوں کو دیوارں کے ساتھ لوہے کی پٹی سے اچھی طرح جوڑ دیں۔



انگیٹھی لگانے کی صورت میں اسے اردگرد سے اچھی طرح مٹی سے ڈھانپ دیں۔

مزید معلومات یا رہنمائی کے لیے **UN-HABITAT** سے رابطہ کریں:

| | |
|---|---|
| زیارت: | 083-360-4911 |
| کوئٹہ: | 081-200-9624 |
| اسلام آباد: | 051-261-2923 |